## سوال

عورتوں کی جماعت

## جواب

عورتوں کا کسی مرد یا عورت کی امامت میں نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا عورتوں کا کسی مرد یا عورت کی امامت میں فرض نماز، تراویح، وتر، نوافل پڑھنا جائز ھے ۔ ؟
الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں بالکل جائز ہے اور یہ ایک معروف بات ہے ،جس میں کسی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں ہے ۔ عورتیں مردوں اور عورتوں کی امامت میں نماز باجماعت ادا کر سکتی ہیں، لیکن عورتوں کی امامت میں مرد نماز نہیں پڑھ سکتے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث